سوال

صدقہ کا طریقہ بتائیں

جواب

صدقہ کا طریقہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ صدقہ کا طریقہ بتا دیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! صدقہ دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک تو فرضی ہے جسے زکوۃ بھی کہا جاتا ہے اور یہ مقررہ نصاب پورا ہونے پر ایک سال گزر جانے کی صورت میں اڑھائی فیصد کے اعتبار سے فرض ہوتا ہے۔ (جس کی تفصیلات اپنے مقام پر بیان کی جا چکی ہیں) دوسرا نفلی صدقہ ہے جو بلا تحدید کسی بھی وقت کسی بھی شکل میں اللہ کے نام پر فقراء، مساکین، دینی مدارس اور مساجد وغیرہ پر خرچ کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ اس کے تحدید کر دیں یا کسی غیر اللہ کے طرف منسوب کر کے یہ صدقہ دیں تو ناجائز اور حرام ہے۔ مثلاً آپ جمعرات کا دن یا کوئی مزار متعین کر لیں تو حرام ہو جائے گا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث